AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 06 November 2026
Time : 07:40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں سید مبشر رفاعی
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں

ہیڈ لائنز

✓ ۱۔۔۔۔کلہن کی راج ترنگنی سمیت تین کتابیں یونیسکو کی ایشیا پیسیفک ریجنل میموری آف دی ورلڈ رجسٹر میں شامل // لیفٹیننٹ گورنر اور وزیر اعلیٰ نے جموں وکشمیر کیلئے دیا لمحہ فکریہ قرار۔

✓ ۲۔۔۔۔جموں وکشمیر کے لئے میڈیا پالیسی اگلے 3 ماہ کے دوران کی جارہی ہے مرتب // سکینہ ایتو

✓ ۳۔۔۔۔ملک میں قومی سطح کی ڈیجیٹل لائف سرٹیفکیٹ مہم کے پانچویں مرحلے کا آغاز۔

اور

✓ ۴۔۔۔۔آج ملک بھر میں منایا جارہا ہے دھنتیرس کا تہوار // ملک کی اعلیٰ قیادت اور جموں وکشمیر کے ایل جی کی لوگوں کو مبارکباد۔

ایل جی

نامور مصنف اور مورخ کلہن کی نامور تصانیف راج ترنگنی، مہا بھارت اور ارتھ شاستر اکو یونیسکو کے ایشیاء پیسیفک ریجنل میموری آف دی ورلڈ رجسٹر میں شامل کیا گیا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پیغام میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ عالمی سطح پر اس اعتراف نے بھارت کی قدیم تہذیبی روایات کی لازوال اہمیت اور انسانیت کے لئے گراں قدر خدمات کو ایک بار پھر اُجاگر کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ یہ اعتراف ہمیں اس بات کی یاد دہانی کراتا ہے کہ اس بیش بہا تہذیبی ورثے کو محفوظ رکھنے اور آنے والی نسلوں تک پہنچانے کی اجتماعی ذمہ داری ہم سب پر عاید ہوتی ہے۔

انہوں نے کہا کہ یونیسکو کی میموری آف دی ورلڈ ایشیا پیسیفک ریجنل رجسٹر میں ان تصانیف کی کو شامل کرنا جموں کشمیر اور پورے ملک کیلئے ایک اہم اعزاز ہے۔

ایل جی نے کہا کہ راج ترنگنی کی شمولیت جموں وکشمیر کے مالا مال علمی، ادبی اور تہذیبی ورثے کی بین الاقوامی سطح پر پذیرائی کا مظہر ہے۔

سی ایم یونیسکو

اسی دوران وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے یونیسکو کی ایشیا پیسیفک ریجنل میموری آف دی ورلڈ رجسٹر میں کلہن کی راج ترنگنی کو شامل کئے جانے پر جموں وکشمیر کے عوام کو مبارکباد دی ہے۔

اپنے ایک سوشل میڈیا پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سرینگر کی آرئینٹل ریسرچ لائبریری میں محفوظ یہ تاریخی مخطوط کشمیر کی تاریخ اور تہذیبی روایات کا ایک نہایت قیمتی خزانہ ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ اس بین الاقوامی اعزاز سے جموں وکشمیر کے عظیم تاریخی ورثے کو عالمی سطح پر پذیرائی ملی ہے۔

یہ اعزاز نہ صرف خطے کی شاندار تاریخی اور تہذیبی میراث کا اعتراف ہے بلکہ اس کے بیش بہا ثقافتی ورثے کے تحفظ کی اہمیت کو بھی اُجاگر کرتا ہے۔

سکینہ ایتو

صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے آج کولگام کے 2 روزہ دورے کے دوران میڈیا نمائندوں سے بات چیت کی، جس دوران صحافتی برادری کو درپیش کئی چیلنجوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

اس موقعے کولگام ورکنگ جرنلسٹ ایسوسی ایشن کے صدر خورشید پڈروں کے علاوہ پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا تنظیموں کے نمائندے موجود تھے، جنہوں نے ضلعے میں پریس کلب کی ضرورت پر زور دیا تاکہ صحافتی برادری کو پریس کانفرنسوں کے انعقاد کیلئے ایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم کیا جاسکے۔

میڈیا کو جمہوریت کا چوتھا ستون قرار دیتے ہوئے وزیر موصوفہ نے صحافی برادری کو یقین دلایا کہ سرکار میڈیا پرسنوں کو درپیش معاملات کے ازالے کیلئے ہر ممکن تعاون دے گی۔ انہوں نے کہا کہ اگلے تین مہینوں کے دوران جموں وکشمیر کیلئے میڈیا پالیسی مرتب کی جارہی ہے۔

انہوں نے ضلع میں پریس کلب کے قیام کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ انہوں نے ضلع ترقیاتی کمشنر کو پہلے ہی اس معاملے سے آگاہ کیا ہے۔

سیکریٹری ٹورازم

محکمہ سیاحت کی سیکریٹری اونی لواسہ نے آج پتنی ٹاپ ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے دورے کے دوران اتھارٹی کے کام کاج اور جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا۔

اس موقعے پر اُن کے ہمراہ اتھارٹی کے چیف ایکزیکیٹیو آفیسر راکیش دوبے بھی تھے، جنہوں نے سیکریٹری موصوفہ کو اتھارٹی کے کام کاج اور تنظیمی فریم ورک نیز جاری ترقیاتی کاموں کے بارے میں جانکاری دی۔

بعد میں انہوں نے ایک میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے اتھارٹی کے کام کاج میں مزید بہتری لانے اور سیاحتی ڈھانچے سے متعلق ترقیاتی اقدامات کی مؤثر عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

جتیندر سنگھ

عوامی شکایات اور پینشنز کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج نئی دلی میں قومی سطح کی ڈیجیٹل لائف سرٹیفکیٹ مہم کے پانچویں مرحلے کا آغاز کیا۔

اس موقعے پر وزیر موصوف نے کہا کہ یہ مہم بزرگ شہریوں کے معیارِ حیات میں بہتری لانے کی

ایک اہم پہل ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی کے وکست بھارت کے نظریے کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا اس خواب کو شرمندۂ تعبیر کرنے میں ہر ایک شہری بالخصوص عمر رسیدہ شہری ایک اہم رول ادا کر سکتے ہیں۔

انہوں نے کہا کہ اس پہل کی بدولت پینشروں کو اب بینکوں اور سرکاری دفاتر کے چکر نہیں کاٹنا پڑیں گے۔

تمباکو

60 دنوں پر مشتمل تمباکو مکت نوجوان مہم کے تحت پورے جموں وکشمیر میں تمباکو مخالف بیداری پروگراموں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس تعلق سے سکولوں اور کالجوں میں سمیناروں اور بحث ومباحثوں کا انعقاد کر کے نوجوانوں کو تمباکو نوشی کے مضر اثرات سے روشناس کرایا جارہا ہے۔

مختلف محکمے بھی جگہ جگہ بیداری پروگراموں کا انعقاد کر کے سماج کو اس بدعت سے پاک کرنے کیلئے اقدامات کو اُجاگر کررہے ہیں۔تمباکو نوشی کے مضر اثرات کے تعلق سے وادی کے ایک معروف آنکولوجیسٹ ڈاکٹر ثاقب ظفر بانڈے نے ہمارے نمائندے شبیر الزماں کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

---------**V/O**---------

منشیات

منشیات کے خلاف اپنی مہم کو جاری رکھتے ہوئے جموں وکشمیر پولیس نے ہندوارہ اور اننت ناگ میں ناکہ چیکنگ کے دوران **7** ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے، جن کے قبضے سے کچھ مقدار میں منشیات برآمد کی گئی۔اسی دوران پولیس نے غیر قانونی کان کنی میں ملوث **20** گاڑیوں کو بھی ضبط کیا ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔

GONG

دھنتیرس

آج ملک بھر میں جوش وخروش کے ساتھ دھنتیرس منایا جارہا ہے۔ یہ تہوار ہر سال دیوالی سے پہلے منایا جاتا ہے اور اسے دولت، اچھی صحت اور ترقی کی نشانی مانا جاتا ہے۔آج کے دن لوگ عام طور سے سونا، چاندی، نئے برتن گاڑیاں اور روزمرہ کی دیگر چیزیں خریدتے ہیں۔

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن، وزیراعظم نریندر مودی اور کئی دیگر اہم شخصیات نے دھنتیرس کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوں نے دعا کی ہے کہ یہ تہوار ہم سب کیلئے خوشحالی اور ترقی کی نوید لیکر آئے۔

اِدھر لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی دھنتیرس کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ یہ تہوار عالم انسانیت کیلئے آپسی بھائی چارے، رواداری اور امن وسکون کا پیغام لیکر آئے۔

نیشنل کانفرنس

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پارٹی میں ممکنہ بغاوت اور تقسیم کی قیاس آرائیوں کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ نیشنل کانفرنس متحد ہے اور کوئی بھی اس جماعت کو تقسیم نہیں کرسکتا۔سرینگر میں آج اپنی رہائش گاہ پر پارٹی کے کئی ارکانِ قانون سازیہ کی میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پارٹی سے وابستہ ارکان اور لیڈران، تنظیم اور حکومت دونوں کو مزید مستحکم بنانے کیلئے کام کریں گے۔

میٹنگ کے دوران پارٹی سے جڑے متعدد معاملات کو بھی زیر بحث لایا گیا۔اس موقعے پر شریک ممبران اسمبلی نے اجلاس کے سامنے اپنے خدشات اور تحفظات بھی پیش کئے۔

پارٹی قیادت نے ان ارکان کی تجاویز غور سے سنیں اور معاملات کو افہام وتفہیم کے ذریعے حل کرنے کا یقین دلایا۔بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے پارٹی کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا۔

بی جے پی

بھارتیہ جنتا پارٹی جموں وکشمیر کی طرف سے آنے والے جن جاتیہ گورو دیوس جو بھگوان برسامُنڈا کی **151** ویں جنم جینتی پر منایا جارہا ہے کے سلسلے میں ایک ورکشاپ کا انعقاد کیا۔اس موقعے پر بی جے پی صدر اور راجیہ سبھا کے ممبر ست شرما نے اعلان کیا کہ ٹرائبل پرائیڈ ویک **11** نومبر سے **15** نومبر تک منایا جائے گا۔ انہوں نے ایس ٹی برادری اور تمام اضلاع کے انچارجوں کو ہدایت دی کہ وہ **15** نومبر کو مرکزی پروگرام کے انعقاد کیلئے تمام تیاریاں مکمل کریں۔

ساگر تعزیت

قانون وانصاف اور پارلیمانی امور کے وزیر علی محمد ساگر نے آج لالچوک حلقہ انتخاب کے ایم ایل اے احسان پردیسی کے گھر جا کر اُن کے والد کے انتقال پر تعزیت کی ہے۔ انہوں نے مرحوم کی ایصال ثواب کیلئے دعا کی۔

ڈاک خانہ

ڈاک محکمے نے جھیل ڈل میں نہرو پارک کے مقام پر کام کر رہے فلوٹنگ پوسٹ آفس کے اوقات کار میں توسیع کر دی ہے۔ یہ ڈاکخانہ اب معمول کے کام کاج کیلئے صبح **9** بجے سے رات **9** بجے تک کھلا رہے گا۔چیف پوسٹ ماسٹر جنرل جموں وکشمیر اور لداخ کرنل ساگر ہنومان سنگھ نے اس پوسٹ آفس کا دورہ کرکے وہاں دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔

ڈی سی شوپیان

ضلع شوپیاں میں مقامی ثقافت، ورثے اور سیاحت کو فروغ دینے کے لیے ضلعی انتظامیہ نے جشنِ ہَرُد کے انعقاد کی تیاریاں شروع کر دی ہیں۔اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر چرندیپ سنگھ کی صدارت میں منی سیکریٹریٹ میں ایک میٹنگ منعقد ہوئی، جس میں سیول سوسائٹی، تاجروں، نوجوانوں اور میڈیا نمائندوں نے شرکت کی۔میٹنگ میں فیسٹیول کو کامیاب بنانے اور مقامی ہنرمندوں کو مواقع فراہم کرنے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

ڈی سی اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے آج ایک میٹنگ کے دوران 15 نومبر کو JKSSB کی طرف سے لئے جارہے اکاؤنٹس اسسٹنٹ امتحان کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔

ضلع میں امتحان کے لیے 43 مراکز قائم کیے گئے ہیں، جہاں تقریباً ساڑھے 12 ہزار امیدوار امتحان میں شرکت کریں گے۔

ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ تمام مراکز پر بنیادی سہولیات اور دیگر انتظامات کو یقینی بنائیں۔

ڈی سی کپوارہ

ضلع کپواڑہ کے ڈپٹی کمشنر ابھیشیک شرما نے سرحدی علاقہ مژھل کا دورہ کرکے موسم سرما کی تیاریوں اور ضروری اشیاء کی دستیابی کا جائزہ لیا۔

اس دوران انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ امکانی برف باری سے قبل غذائی اجناس، ایندھن، ایل پی جی اور ادویات کا وافر ذخیرہ یقینی بنائیں۔ ڈپٹی کمشنر نے عوامی مسائل بھی سنے اور ضروری سہولیات کی بلاتعطل فراہمی کے لیے ہدایات جاری کیں۔

ای ڈی

اینفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے ایک آن لائن گھوٹالے کے سلسلے میں تامل ناڈو سے دو افراد کو گرفتار کیا ہے۔

یہ گھوٹالہ **4** سو کروڑ روپے سے بھی زیادہ کا ہے، جس میں ملک بھر کے کم سے کم **6** سو افراد کے ساتھ، سرمایہ کاری اسکیموں اور روزگار فراہم کرنے کے بہانے مبینہ طور دھوکہ کیا گیا ہے۔

ای ڈی کے مطابق یہ دونوں ملزمین ایک بڑے نیٹ ورک کا حصہ تھے، جنہوں نے فرضی بینک کھاتے تیار کئے ہوئے تھے۔

پولیس

پولیس اہلکاروں میں صحت مند کام کاج کے ماحول کو فروغ دینے سے متعلق گاندربل میں آج ایک روزہ مینٹل ہیلتھ اویئرنس کیمپ کا انعقاد ہوا۔

یہ کیمپ خصوصی طور خواتین پولیس اہلکاروں کیلئے منعقد کیا گیا تا کہ انہیں ذہنی صحت کی اہمیت سے متعلق آگاہ کیا جاسکے۔ پروگرام کے دوران ماہرین نے ذہنی صحت، ذہنی تناؤ اور دیگر ذہنی مسائل پر روشنی ڈالی۔

اسی دوران گاندربل پولیس نے آج ضلع بھر میں عوام، طلبا اور دیگر متعلقین کو ایمرجنسی ریسپانس سپوٹ سسٹم اور ایمرجنسی ہیلپ لائن **112** ڈائل کرنے کی اہمیت سے متعلق انہیں آگاہی دی۔

کرکٹ

کھیلوں کو فروغ دینے اور نوجوانوں کو کھیلوں کی طرف راغب کرنے کی ایک کوشش کے تحت سرینگر کے پانچ زونوں میں سیوک ایکشن پروگرام کے تحت سرینگر پولیس کی طرف سے ٹی 20 کرکٹ ٹورنامنٹوں کا انعقاد کیا گیا۔ان ٹورنامنٹ میں مشرقی زون کی 8 ٹیمیں شرکت کر رہی ہیں۔

افتتاحی میچ چنار کرکٹ کلب اور یونائیٹڈ کرکٹ کلب کے درمیان کھیلا گیا۔ٹورنامنٹ کا فائنل میچ **10** نومبر کو کھیلا جائے گا۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں وکشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **21.4** ڈگری سیلشیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **3.4** ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **29** ڈگری سیلسیش جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **14** ڈگری سیلشیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **55** منٹ اور غروب آفتاب شام **5** بجکر **33** منٹ پر ہوگا۔